https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تمام تعلیمی شعبوں میں بی ایس ایل ڈبلیو۔دو ہزار چھبیس کے تحت 'ایک درخت ماں کے نام' مہم جوش وخروش کے ساتھ منائی گئی

New Delhi, November 17, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'برکس سسٹین ایبل لائف اسٹائل ویک۔دو ہزار چھبیس کے تحت ''ایک درخت ماں کے نام'' مہم میں انتہائی جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی۔اس سلسلے میں یونیورسٹی کی مختلف فیکلٹیز، شعبہ جات، دارالاقاموں اور تعلیمی شعبوں کی جانب سے متعدد سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا۔یہ سرگرمیاں ان موضوعات اور رہنما خطوط کے مطابق منعقد کی گئیں جو متعلقہ تعلیمی اور انتظامی اکائیوں کو فراہم کیے گئے تھے۔'مشن لائف' کے تحت یکم نومبر تا سات نومبر دو ہزار چھبیس تک منایا جانے والا یہ 'برکس سسٹین ایبل لائف اسٹائل ویک۔دو ہزار چھبیس وزارتِ ماحولیات، جنگلات وموسمیاتی تبدیلی کا ایک پہل ہے جو دو ہزار چھبیس میں بھارت کی 'برکس صدارت' کا حصہ ہے۔اس بی ایس ایل ڈبلیو ویک کا مقصد عوامی بیداری، شہریوں کی شمولیت اور رویوں میں تبدیلی کے ذریعے ماحول دوست طرزِ زندگی کو فروغ دینا ہے۔یہ اقدام سات کلیدی موضوعات پر مرکوز ہے۔

اس مہم کے حصے کے طور پر پروگرام میں وسیع پیمانے پر شرکت اور اس کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے مخصوص موضوعات، مجوزہ سرگرمیوں، اشتہارات کی نمائش اور دیگر متعلقہ ہدایات کے بارے میں تفصیلی معلومات تمام ڈینز، سربراہانِ شعبہ جات، پرووسٹس، ڈائریکٹرز، این ایس ایس، این سی سی، اسکولوں اور مختلف تعلیمی اکائیوں کے سربراہان تک پہنچادی گئیں۔

اس پیش قدمی میں تیرہ فیکلٹیز، شعبہ جات، ہاسٹلز اور تعلیمی اکائیوں نے شرکت کی، جنھوں نے مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کیا اور بعد ازاں اپنی رپورٹیں جمع کرائیں۔شریک اکائیوں میں فیکلٹی آف آرکیٹیکچر اینڈ ایکسٹکس؛ شعبہ ریاضی، کمپیوٹر سائنس، تاریخ وثقافت، سوشل ورک، نفسیات، الیکٹرانکس اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ، اور ایروناٹکس؛ بی ایچ ایم، گرلز ہاسٹل؛ جے اینڈ کے گرلز ہاسٹل؛ گرلز ریزیڈنس ہالز (اولڈ)؛ یونیورسٹی پولی ٹیکنک؛ اور سینئر سیکنڈری اسکول شامل تھے۔

ان سرگرمیوں کا مقصد مخصوص موضوعات کے بارے میں بیداری اور شمولیت کو فروغ دینا، ماحولیاتی شعور کو اجاگر کرنا نیز طلبہ اساتذہ اور یونیورسٹی کے دیگر متعلقین کے درمیان اجتماعی ذمہ داری اور سماجی شرکت کے جذبے کو مستحکم کرنا تھا۔یونیورسٹی، اس

اقدام کوایک اجتماعی کوشش بنانے میں تمام فیکلٹیز، شعبہ جات، ہاسٹلز، اسکولوں اور تعلیمی اکائیوں کی فعال شرکت، تعاون اور کوششوں کی ستائش کرتی ہے۔ ایسے اقدامات کے ذریعے، جامعہ ملیہ اسلامیہ اپنی تعلیمی برادری کی حوصلہ افزائی کرتی رہتی ہے کہ وہ ایسی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں جو سماجی ذمہ داری، ماحولیاتی بیداری اور پائے دار طرزِ عمل کو فروغ دیتی ہیں۔

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ